نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

پشاور میں پاکستان کے اولین "لنکن کارنر" کا افتتاح

پشاور (20 اپریل 2006ء) ___ پاکستان میں متعین امریکی سفیر رائن سی کروکر نے آج پشاور یونیورسٹی کی سینٹرل لائبریری میں پاکستان کے پہلے "لنکن کارنر" کا افتتاح کیا۔ لنکن کارنر دراصل امریکی ثقافت، معیشت، سیاست، معاشرت اور تعلیم کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کا ایک مرکز ہے۔ یہ مرکز جس کی میزبان پشاور یونیورسٹی ہے امریکہ اور یونیورسٹی کے مابین اشتراک عمل کا غماز ہے۔ تقریب میں پشاور یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہارون رشید، اساتذہ اور دیگر عمائدین نے بھی شرکت کی۔ یہ مرکز دنیا بھر میں قائم ایسے 325 دیگر مراکز سے مربوط ہے۔ جبکہ پاکستان کے دیگر علاقوں میں ایسے مزید کئی مراکز قائم کئے جانے کا منصوبہ ہے۔

پشاور میں لنکن کارنر کا افتتاح کرتے ہوئے امریکی سفیر رائن سی کروکر نے کہا کہ پشاور یونیورسٹی اس سہولت کے لئے ایک مثالی جگہ ہے۔ اپنی 45 سالہ تاریخ کے دوران، اس یونیورسٹی نے شاندار تعلیمی معیار اور اس علاقہ اور لوگوں کی خدمات میں نام کمایا ہے اور امریکی اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے ساتھ اشتراک کار کو مضبوط بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لنکن کارنر باہمی مفاہمت اور دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان تعلقات کو گہرا بنانے کی علامت ہے اور ان تعلقات کو مزید فروغ دے گا۔

یونیورسٹی کی جانب سے پیشہ ور ماہر عملہ کی فراہمی سے لنکن کارنر ان لوگوں کے لئے ایک قیمتی ماخذ ثابت ہوگا جو امریکی ثقافت، معیشت، سیاست، تاریخ اور فنون کے تمام پہلوؤں کے متعلق تازہ ترین اور درست معلومات حاصل کرنے کے خواہاں ہیں۔ حوالہ جاتی مواد، کتب، جرائد، ویڈیوز اور سافٹ ویئر کے علاوہ لنکن کارنر میں انٹرنیٹ سے منسلک چار کمپیوٹر بھی فراہم کئے گئے ہیں جن کے ذریعہ معلومات تک تیزی سے رسائی کی جاسکتی ہے۔ یہ مرکز ایک پبلک لائبریری ریفرنس سروس کے طرز پر معلومات کی فراہمی کے مرکز کی خدمات انجام دے گا، اس کے ساتھ ساتھ یہاں پر باقاعدہ پروگرام، میٹنگ اور باہمی دلچسپی کی دیگر تقریبات منعقد کی جاسکتی ہیں۔

لنکن کارنر عام لوگوں کے لئے سوموار سے ہفتہ تک صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کھلا رہے گا۔ جمعہ کے دن دوپہر 12 بجے سے 2 بجے تک نماز کا وقفہ ہوگا۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3